2019年4月19日ジャング紙ラホール版1面

## وزارت توانائی کی پیشکش مسترد، اسد عمر کا کوئی بھی قلمدان لینے سے انکار، وزیراعظم سے آرمی چیف کی ملاقات، سیکورٹی و دیگر امور پر مشاورت

# وفاقی کابینہ کے برج الٹا دیئے گئے

حفیظ شیخ خزانہ، اعجاز شاہ داخلہ، فواد سائنس و ٹیکنالوجی
اعظم سواتی پارلیمانی امور، غلام سرور ہوابازی
سومرو نجکاری، فردوس عاشق اعوان کے پاس اطلاعات کا محکمہ

### شہریار آفریدی کو وزارت سیفران کا قلمدان تفویض، ڈاکٹر ظفر اللہ مرزا نیشنل ہیلتھ سروسز، ندیم بابر معاون خصوصی برائے پٹرولیم ڈویژن مقرر، وزیراعظم آفس نے اعلامیہ جاری کر دیا

اسلام آباد (اے پی پی، جنگ نیوز) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے جمعرات کو وزیراعظم عمران خان سے ملاقات کی ہے، ذرائع کے مطابق ملاقات میں سکیورٹی صورتحال اور دیگر امور پر مشاورت کی گئی ہے۔ دریں اثناء وفاقی کابینہ کے بڑے بڑے برج الٹا دیئے گئے، وزیراعظم عمران خان نے وفاقی کابینہ کے بعض ارکان کے محکموں میں ردوبدل کر دیا ہے۔ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ کو مشیر برائے خزانہ اور ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان کو معاون خصوصی برائے اطلاعات و نشریات ڈویژن مقرر کیا گیا ہے جبکہ ڈاکٹر اعجاز احمد شاہ کو وفاقی وزیر داخلہ کا قلمدان سونپا گیا ہے۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات چوہدری فواد حسین کو وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی، وفاقی وزیر پٹرولیم ڈویژن غلام سرور خان کو وفاقی وزیر برائے ہوابازی، وفاقی وزیر پارلیمانی امور اعجاز احمد شاہ کو وفاقی وزیر داخلہ، وزیر مملکت برائے داخلہ شہریار آفریدی کو ریاستوں و سرحدی علاقہ جات (سیفران) کا قلمدان تفویض کیا گیا ہے اعظم سواتی کو وفاقی وزیر پارلیمانی امور اور ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ کو مشیر خزانہ جبکہ ڈاکٹر ظفر اللہ مرزا کو وزیراعظم کا معاون خصوصی برائے نیشنل ہیلتھ سروسز ریگولیشنز و کوآرڈینیشن، ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان کو وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے اطلاعات و نشریات اور ندیم بابر کو وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے پٹرولیم ڈویژن مقرر کیا گیا ہے۔

### نئے وزیر خزانہ کیلئے بھی مشکلات ہوں گی، جلد بازی سے مسائل دوبارہ جنم لیں گے، اگلا بجٹ آئی ایم ایف پروگرام کا عکاس، پہلے بھی کہا تھا ایسے فیصلے نہیں کرونگا جس سے عوام کا کچومر نکلے، اسد عمر

اسلام آباد (اے پی پی) وزیر خزانہ اسد عمر نے وزارت خزانہ کا قلمدان چھوڑنے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ اس بات پر پختہ یقین رکھتے ہیں کہ وزیراعظم عمران خان پاکستان کی بہترین امید ہیں اور انشاء اللہ وہ نیا پاکستان بنائیں گے۔ جمعرات کو اپنے ٹویٹ میں انہوں نے کہا کہ کابینہ میں ردوبدل کے ضمن میں وزیراعظم نے ان سے وزارت خزانہ کی بجائے وزارت توانائی کا قلمدان سنبھالنے کی خواہش کا اظہار کیا تاہم انہوں نے وزیراعظم کو اس بات پر رضامند کر لیا ہے کہ وہ کوئی وزارت نہیں لیں گے۔ دریں اثناء اسد عمر نے وزیراعظم عمران خان کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئے پاکستان کے خواب کو عملی جامہ پہنانے کیلئے وہ اپنا کردار جاری رکھیں گے، نئے پاکستان کے وژن کو عملی جامہ پہنانے کیلئے میں ہر وقت دستیاب ہوں، نیا وزیر جو بھی آئے گا ان کیلئے بھی مشکلات ہوں گی لیکن 8 ماہ قبل کی صورتحال نہیں ہو گی، بہتری کی طرف جا رہے ہیں، معیشت میں بہتری آ رہی ہے، مشکل فیصلے کرنا ہوں گے، جلد بازی نہیں کرنی چاہئے، جلد بازی کی صورت میں مسائل دوبارہ جنم لیں گے، آئندہ بجٹ آئی ایم ایف پروگرام کا عکاس ہو گا، وزارت خزانہ کا منصب سنبھالتے وقت بھی کہا تھا کہ ایسے فیصلے نہیں کروں گا جس سے عوام کا کچومر نکلے، تحریک انصاف میں منتخب اور غیر منتخب رہنماؤں کی اہمیت کے حوالہ سے کوئی اختلاف نہیں ہے تحریک انصاف چھوڑ کر کہیں نہیں جا رہا۔ وزیراعظم کابینہ میں ردوبدل کا اعلان جلد کریں گے۔ وزارت سے سبکدوشی کی وجوہات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت مشکل وقت سے گزر رہی ہے، اپوزیشن بھی دباؤ بڑھانے کیلئے بہانے بنا رہی ہے لیکن ہم نے مشکل فیصلے کئے ہیں، نئی ٹیم کو تھوڑا وقت لگے گا اور بہتری آئے گی، نہوں نے مزید کہا کہ جب تک معیشت کے بنیادی امور کو ٹھیک نہیں کیا جاتا اس وقت تک معیشت کی حالت بہتر نہیں ہو گی، وزارت خزانہ کی ذمہ داریوں کے دوران بعض امور میں اچھے نتائج ملے ہیں جبکہ بعض میں نتائج اتنے اچھے نہیں رہے۔